Aurangzaib Yousufzai – April 2017 اورنگزیب یوسفزئی- اپریل 2017

سلسلہ وار موضوعاتی تراجم کی قسط نمبر41

Thematic Translation Series Installment 41

(English/Urdu)

قرآن میں قربانی یا ذبح عظیم سے کیا مراد ہے؟

WHAT IS MEANT IN QURAN BY "QURBANI" OR "ZIBH-E-AZEEM"?

English Text follows the Urdu one.

سوال:

سورۃ الصّافات، آیت 102 کے روایتی تراجم میں حضرت ابراہیم کا یہ کہنا کہ میں تمہیں ذبح کرنے والا ہوں، حضرت اسماعیل کو پیشانی کے بل لٹا دینا اور پھر اللہ تعالیٰ کا یہ کہنا کہ تم نے خواب سچ کر دکھایا، اور ہم نے اسے ایک ذبح عظیم کے لیے بچا لیا، وغیرہ، وغیرہ سے کیا مراد ہے۔ کیا ان آیات کا کوئی دیگر عقلی و منطقی ترجمہ بھی کیا جا سکتا ہے تا کہ بات واضح ہو کر صاف ہو جائے کہ دراصل یہ کس کاروائی کی جانب اشارہ ہے؟؟؟

QUESTION:

WHAT IS ACTUALLY IMPLIED in the traditional translations of Chapter As-Saaffaat, Verse 102, where ABRAHAM says that he was going to slaughter Ishmael for Allah; then his laying of Ishmael with his "forehead touching the ground"; then Allah's address to Abraham saying that he " proved his dream as true"; and that "WE ransomed Ishmael for a greater sacrifice", etc. etc.???---- Can those Verses be re-translated in a rational and logical way so that the issue is brought up in a comprehensible way revealing the episode in its true light???

جواب:

یہاں لفظ ذبح کا ایک لفظی اور عامیانہ معنی لے لیا گیا ہے اور اس سے حضرت ابراہیم کا حضرت اسماعیل کو اللہ کے لیے قربان کر دینے کا حکم وصول کرنا، اور اس کی تعمیل میں حضرت اسماعیل کو لے جا کر اُلٹا لٹا کر ذبح کرنے کے ارادہ کی ایک بڑی کہانی بنا لی گئی ہے۔ نیز اسی مفروضہ کہانی کی پیروی میں حج کی رسم کے دوران یا عید الاضحیٰ کے موقع پر جانوروں کی قربانی کا من گھڑت مدعا پیدا کر لیا گیا ہے۔ یہاں تین نکات اہم ہیں:-

1] یہاں کہیں حضرت اسماعیل کا نام تک نہیں ہے۔ نہ ہی کسی بیٹے کی پیدائش کی بشارت ہے۔ بلکہ ایک جوان تحمل رکھنے والے آدمی سے آپ کو ملا دیا گیا ہے [فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ] کہ آپ کے مشن میں شریک ہو جائے۔

2] جب کہ ذبح کسی مشن کے لیے کسی کو خود سے جدا کر کے وقف کر دینے کا استعارہ تو ہو سکتا ہے،،،، لیکن اللہ تعالیٰ کبھی انسانوں کو ذبح کرنے کا حکم نہیں دے سکتا۔

3] اور لفظی عامیانہ معنوں میں کسی کو ذبح کرنے کے لیے ماتھے کے بل کبھی نہیں لٹایا جاتا۔

بات کو پورا سمجھنے کے لیے ہمیں متعلقہ آیات کے سیاق و سباق کو بھی دیکھنا پڑے گا۔ اس کے بعد ہی ہم اللہ تعالیٰ کے کلام کی منشا و مقصود تک پہنچ سکیں گے۔ تو آیئے ذرا پیچھے جا کر آیت نمبر 97 سے ایک ایسا منضبط ترجمہ شروع کرتے ہیں جو قرآنی الفاظ کے ساتھ، خالص ادبی اور عقلی تناظر میں، سختی سے پیوستہ رہنے والا ہو، تا کہ اس من گھڑت کہانی کی حقیقت تک پہنچا جا سکے۔

ANSWER:-

As a matter of fact, a most literal and commonplace meaning of the word "Zibh" is applied here wishfully. And from it, a big story is fabricated denoting the revelation of a Divine instruction to ABRAHAM in his dream commanding him to slaughter Ishmael, and his taking his son away to sacrifice him in the path of Allah. From the same malicious interpretation a sacrificial ritual is invented and thrust upon people to slaughter animals as one of the mandatory rituals of Hajj or the festival of Eid al-Adhha. Three important points are to be noted here :-

1) In the text the name of Ishmael is not mentioned or suggested. There are no glad tidings of the birth of a son. On the contrary, a patient and gentle young man is introduced to Abraham to share his mission.

2) It is evident from the text that the word ZIBH is used here as a symbol or metaphor for parting with someone by deputing him to some big and important mission. It can't mean a slaughter as Allah swt can't be conceived as ordering sacrifice of men.

3) For a ZIBH in traditional sense, one is not laid facing the earth.

For deriving a true concept of the Divine text at this juncture, it is necessary to scan through the contextual scenario of the episode. It is only then that we can reach the quintessential of the message of Quran. So, let us undertake a very strict translation that fully adheres with the words of the text in a purely literary and rational style, but starting from the previous Verse 97 to facilitate a feedback. The purpose is to bring the real story into light.

قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ ﴿٩٧﴾ فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ﴿٩٨﴾ وَقَالَ
إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٠٠﴾

ابراھیم کی قوم نے طے کیا کہ اس کے خلاف ایک مضبوط بنیاد پر کیس تیار کیا جائے[ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا] اور اسے سزا دے کر بربادی کی آگ میں ڈال دیا جائے [فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ] [۹۷]۔ انہوں نے اس کے ساتھ اپنی چال چلنے کا پکا ارادہ بنا لیا تھا، لیکن پھر ہم نے انہیں اس میں ناکام کر کے ذلیل و حقیر کر دیا[۹۸]۔ پھر ابراھیم نے کہا کہ میں اپنے پالنہار کی طرف رجوع کرتا ہوں وہ ضرور مجھے کوئی لائحہ عمل عطا کرے گا[۹۹]۔ اس نے التجا کی کہ اے رب مجھے نیکوکاروں میں سے کوئی انسان عطا کر دے[۱۰۰]۔

The community of Abraham decided to build a strong case against him (ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا) and sentence him to burn in the fire of misery and destruction (فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ). They had made up their minds to carry out their plot against him, but we humiliated them with failure. Abraham said that he would now revert to his Lord Who would certainly guide him to a recourse. He then implored God to bestow him with someone from the righteous ones.

فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يَا بُنَيَّ إِنِّي أَرَىٰ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ
فَانظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ۚ قَالَ يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِي إِن شَاءَ اللَّـهُ مِنَ الصَّابِرِينَ ﴿١٠٢﴾

تب ہم نے اسے ایک تحمل رکھنے والے جوان[غُلَامٍ] سے ملا دیا[فَبَشَّرْنَاهُ] [۱۰۱]۔ پھر جب وہ جوان اس کے ساتھ عملی جدوجہد کرنے کے مرحلے تک پہنچ گیا تو اس نے کہا کہ اے میرے بیٹے میں اپنے تصور میں یہ دیکھتا ہوں کہ میں تجھے ایک مقصد کے لیے وقف کر کے خود سے علیحدہ کر رہا

ہوں[اذبحک]۔ پس تو سوچ کر جواب دے کہ تیرا اس بارے میں کیا خیال ہے۔ اس نے کہ اے میرے بزرگ میں وہی کروں گا جس کا آپ حکم دیں گے۔ اگر اللہ کی مشیت ہوئی ہوئی تو آپ مجھے استقامت کا حامل[مِنَ الصَّابِرِينَ] پائیں گے[۱۰۲]۔

Then We brought him together with (فَبَشَّرْنَاهُ) a gentle and patient young man (غُلَامٍ). When the young man reached the stage of sharing his endeavors, he said to him: O my boy, I had the intuition that I was to part with you and depute you to a mission (أَذْبَحُكَ). So you look into this proposition and tell me what you think. He replied: O my elder, I will do as you are ordered. If God so willed, you will find me among the determined and steadfast ones (مِنَ الصَّابِرِينَ).

فَلَمَّا أَسْلَمَا وَتَلَّهُ لِلْجَبِينِ ﴿١٠٣﴾ وَنَادَيْنَاهُ أَن يَا إِبْرَاهِيمُ ﴿١٠٤﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيَا ۚ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١٠٥﴾

پس جب اُن دونوں نے اس امر کو تسلیم کر لیا تو اس جوان کو[ابراہیم کی قوم کے] پست حوصلہ لوگوں[جبین] کی فلاح کے مشن لیے متحرک کر دیا گیا[تلّه] [۱۰۳]۔ پھر ہم نے اسے مخاطب کیا اور کہا اے ابراہیم تو نے اپنے تصور/ سوچ/ بصیرت کو سچ کر دکھایا[۱۰۴]۔ ہم اسی طرح توازن بدوش اعمال کرنے والوں کو جزا دیا کرتے ہیں[۱۰۵]۔

When they both acknowledged (اَسْلَمَا) the impending mission, Abraham set him in motion (تَلَّهُ) for the uplifting of his weak hearted community (لِلْجَبِينِ); then we addressed him so: "O Abraham, you have been successful in actualizing/accomplishing your vision/intuition. This is how we reward the righteous ones.

إِنَّ هَـٰذَا لَهُوَ الْبَلَاءُ الْمُبِينُ ﴿١٠٦﴾ وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ ﴿١٠٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ

بیشک یہ ایک بڑی جدوجہد اور آزمائش کا موقع تھا[الْبَلَاءُ الْمُبِينُ] [۱۰٦] جس سے ہم نے ابراہیم کو ایک [دوسرے شخص کی] بڑی قربانی کے ذریعے آزاد کروا لیا[فَدَيْنَاهُ] [۱۰۷]۔ تاکہ اس پر ایک دیگر قوم یا آئندہ نسلوں کے ضمن میں [فِي الْآخِرِينَ] ذمہ داری عائد کر دی جائے[۱۰۸]۔

Indeed there was a serious struggle to be undertaken (الْبَلَاءُ الْمُبِينُ), from which we secured Abraham free (فَدَيْنَاهُ) through a great sacrifice (of another one); and thus he was assigned to shoulder the responsibility of another community/later generations (فِي الْآخِرِينَ).

Jiim-Ba-Nun :جبين= **Cowardly, weak hearted**, He held back/refrained through cowardice. The temple/side of the forehead, brow.

jabin n.m. 37:103

Ta-Lam-Lam :تله :تلّ= To lay down, let down, threw down, drop, lay prostrate, lay one down upon one's kin, neck, cheek, or breast.
Shake, move, agitate, put in state of motion or commotion, rough/severe/vehement.
Sluggish, laziness.
Charge, upbraid, deliver.